(۴) مذکورہ بالا تفصیل سامنے رکھتے ہوئے تقویٰ اور احتیاط کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اس پہلو کو ترجیح دی جائے جس سے مساکین وفقراء کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے اور مال کی کم سے کم مقدار جمع ہو سکے

(ع ۔ ح)

مطبوعات

ناموسِ ملت معروف بہ پردہ اور اسلام

از جناب منشی خادم علی خاں اختر، بی ۔ اے، ایل، ایل بی ۔ ضخامت ۵۰ صفحے ۔ کاغذ، لکھائی، چھپائی متوسط ۔ ملنے کا پتہ ادارہ مستقبل ۔ ٹبی شیر خاں نمبر ۲۳۲ ملتان شہر۔

اِس مختصر رسالے میں پردہ کی اہمیت اور بے پردگی کے مفاسد نہایت مؤثر انداز میں بیان کئے گئے ہیں۔

دورِ جدید کے "روشن خیال" منکرین پردے پر جو اعتراضات کرتے ہیں ۔ ان کا مدلل اور معقول جواب دیا گیا ہے ۔ کہیں کہیں مصنف نے مخالفین پردہ کو نہایت سخت اور عریاں الفاظ میں مخاطب کیا ہے جو حکمتِ دعوت و اصلاح کے یکسر منافی ہے۔

مشکل الفاظ اور عربی، فارسی ترکیبوں پر مشتمل استفسارات کے بجائے اگر سہل اور سنجیدہ انداز اختیار کیا جاتا تو کتاب کی افادی حیثیت میں اور بھی اضافہ ہو جاتا۔

ع ۔ ح

مکتبہ چراغ راہ کراچی کی مندرجہ ذیل کتب مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی سے مل سکتی ہیں۔

دیارِ عرب از مسعود عالم صاحب ندوی ۲/۸/-	قومی ملکیت از نعیم صدیقی صاحب	-/۱۲/۸
اشتراکیت اور اسلام	OUR LEADERS. ۲/۸/-	چوہدری محمد اکبر ۲/-/-
محمد بن عبد الوہاب	-/۲/۱۲	